**27-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

---

Music

---

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی کا کہنا ہے کہ NDA حکومت اُن مسائل کے ٹھوس حل تلاش کرنے کی جدوجہد کرتی رہی ہے، جو ملک کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔

☆ کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرہ نے بے روزگاری اور مہنگائی کے معاملے پر NDA حکومت کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔

☆ مرکز نے چھ پڑوسی ملکوں کو 99 ہزار میٹرک ٹن پیاز برآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

☆ مغربی بنگال، اڈیشہ اور ساحلی بھارت کے علاقوں میں گرمی کی شدت جاری رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

☆ تیراندازی میں شنگھائی میں آج عالمی کپ اسٹیج ایک میں بھارت نے سونے کے چار اور چاندی کا ایک تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دلّی کیپٹلس نے ممبئی انڈینس کو 10 رن سے ہرایا۔ لکھنؤ سپرجائنٹس اور راجستھان رائلس کے درمیان لکھنؤ میں میچ جاری ہے۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

عام انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر ملک بھر میں ریلیوں اور روڈ شوز کے ذریعے ووٹروں کو راغب کرنے کی ہرممکن کوشش کر رہے ہیں۔ 7 مئی کو اِس مرحلے کے تحت 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 95 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے میں کُل ایک ہزار 351 امیدوار میدان میں ہیں۔

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے مہاراشٹر کے کولاپور شہر میں Tapovan میدان میں آج

ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں NDA حکومت نے اُن مسائل کا ٹھوس حل تلاش کرنے کی جدوجہد کی ہے جو ملک کو نقصان پہنچا رہے تھے۔

جناب مودی نے کہا کہ ملک کی خواتین اور نوجوان اُن کی حکومت کی ہمیشہ اوّلین ترجیح رہے ہیں۔

S/B 2100 PM Infra

جناب مودی نے NDA حکومت کے آتم نربھر بھارت اور اسٹارٹ اپ انڈیا اقدامات کا ذکر کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ان کی حکومت ایک بار پھر اقتدار میں آتی ہے تو مُدرا یوجنا کے تحت قرض کی رقم کو دوگنا کرکے 20 لاکھ روپئے کردیا جائے گا۔ کانگریس اور آئی این ڈی آئی اے بلاک کی سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ انھوں نے قومیت مخالف اور نفرت پر مبنی سیاست کے دو خود طے کیئے ہوئے گول اسکور کیئے ہیں۔ اس موقع پر مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے بھی موجود تھے۔

تیسرے مرحلے میں کولہاپور، Hatkanangle اور لاتور سمیت مہاراشٹر میں 11 سیٹوں پر انتخابات ہوں گے۔اس کے بعد آج وزیر اعظم گوا کے واسکو میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرہ نے مہاراشٹر کے لاتور ضلع میں Udgir میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی NDA حکومت کی بے روزگاری اور مہنگائی کے مسائل پر سخت نکتہ چینی کی۔ انھوں نے کہاکہ مرکزی حکومت میں 30 لاکھ عہدے خالی پڑے ہیں جبکہ 70 کروڑ لوگ بے روزگار ہیں۔

S/B 2100 Priyanka Latur

محترمہ واڈرہ نے یہ بھی کہا کہ زرعی آلات پر بھی GST نافذ کردیا گیا اور انھوں نے وعدہ کیا کہ اگر ان کی پارٹی اقتدار میں آئی تو وہ اسے ختم کردیں گی۔ انھوں نے الزام لگایا کہ NDA حکومت امیر افراد کے قرضے معاف کردیتی ہے لیکن وہ کسانوں کے ساتھ ایسا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

اس سے قبل پرینکا گاندھی واڈرہ نے گجرات کے ولساڑ ضلع کے دھرم پور میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے آج گجرات کے پوربندر، بھڑوچ اور پنچ محل میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ پنچ محل میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہBJP سرکار اقتدار میں واپسی کے بعد یکساں سول کوڈ نافذ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میںBJP سرکار نے بھارت کو دہشت گردی سے آزاد کرایا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ BJP سرکار غریب اور حاشیے پر رہنے والے لوگوں سمیت سماج کے سبھی طبقوں کی خوشحالی کے تئیں عہدبند ہے۔

بھڑوچ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ BJP سرکار نے ملک میں قبائیلوں کے لیے نہ صرف بجٹ میں اضافہ کیا ہے بلکہ ان کے لیے تعلیم اور صحت جیسی خدمات کو بھی بہتر کیا ہے۔ انہوں نے عوام کو یہ بھی یقین دلایا کہ BJP سرکار قبائیلوں کے بنیادی حقوق نہیں چھینے گی۔

تیسرے مرحلے میں، گجرات کے 25 پارلیمانی حلقوں میں ایک ساتھ 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔×

## UP Mainpuri Constituency Profile

لوک سبھا الیکشن کے تیسرے مرحلے میں اتر پردیش کے دس سیٹوں کے لیے نامزدگی کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔ اس میں مین پوری کی اہم سیٹ بھی شامل ہیں۔ موجودہ ممبر پارلیمنٹ ڈمپل یادو پھر سے اس سیٹ پر سماجوادی پارٹی کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ رہی ہیں، جبکہ BJP نے مین پوری صدر کے MLA اور ریاستی وزیر جئے ویر سنگھ کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ BSP نے شیو پرساد یادو کو میدان میں اتارا ہے۔ اس کے علاوہ، پانچ دوسرے امیدوار بھی میدان میں ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

V/C

مین پوری لوک سبھا حلقہ، پانچ اسمبلی حلقوں مین پوری، بھوگاؤں، کِشنی، کرہل اور جسونت نگر پر مشتمل ہے۔ 7 مئی کو 17 لاکھ، 87 ہزار ایک سو 47 رائے دہندگان، 8 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ رائے دہندگان میں 9 لاکھ 34 ہزار 94 مرد، سات لاکھ نواسی ہزار 84 خواتین اور 25 مخنث افراد شامل ہیں۔ مین پوری لوک سبھا حلقہ ملائم سنگھ یادو کا سیاسی گڑھ رہا ہے۔ 1996 سے لوک سبھا کی اس سیٹ پر سماجوادی پارٹی کا قبضہ رہا ہے۔

2019 کے لوک سبھا انتخابات میں سماجوادی پارٹی کے ملائم سنگھ یادو نے BJP کے امیدوار پریم سنگھ شکیہ کو 94 ہزار تین سو نواسی ووٹوں سے شکست دی تھی۔

2022 میں ملائم سنگھ کی وفات کے بعد ضمنی چناؤ میں ان کی بہو ڈمپل یادو ے BJP کے امیدوار رگھو راج سنگھ شکیہ کو دو لاکھ 88 ہزار کے بھاری فرق سے ہرایا تھا۔ اس بار پھر سماجوادی پارٹی ے ڈمپل یادو کو اپنا امیدوار بنایا ہے جبکہ BJP نے مین پوری صدر کے رکن اسمبلی اور ریاستی وزیر جئے ویر سنگھ کو اپنا امیدوار بنا کر مقابلے کو دلچسپ بنا دیا ہے۔ بہوجن سماج پارٹی نے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے آخری لمحات میں اعلان شدہ امیدوار ڈاکٹر گلشن دیو شکیہ کا ٹکٹ منسوخ کر کے شیو پرساد یادو کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔

تمام سیاسی پارٹیوں نے اپنے امیدوار کی حمایت میں فضاسازگار بنانے کی کوشش شروع کر دی ہے۔

## BJP List

BJP نے ممبئی نارتھ سینٹرل لوک سبھا سیٹ سے اپنے امیدوار سینئر وکیل اُجول نکم کے نام کا اعلان کیا ہے۔ پونم مہاجن اِس سیٹ سے BJP کی موجودہ ممبر پارلیمنٹ ہیں۔ پارٹی نے اڈیشہ اسمبلی انتخابات کیلئے آٹھ امیدواروں کی ایک فہرست بھی جاری کی ہے۔ پارٹی نے کیندر پاڑہ اسمبلی حلقے سے گیتانجلی سیٹھی اور ہنڈل سیٹ سے سیمارانی نایک کو امیدوار بنایا ہے۔ ڈاکٹر فقیر موہن نایک تِلکوئی سیٹ سے اور پرسنت کمار جگدیو خوردہ اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔x

## YSR Congress Manifesto

YSR کانگریس پارٹی کے صدر اور آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ YS جگن موہن ریڈی نے Tadepalli پارٹی

دفتر میں آج عام انتخابات 2024 کیلئے پارٹی کا منشور جاری کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اُن کی ریاستی سرکار نے 2019 کے انتخابی منشور میں کئے گئے اپنے 99 فیصد وعدوں کو پورا کردیا ہے اور انھوں نے یقین دلایا کہ اگر اُنھیں دوبارہ اقتدار کیلئے چنا گیا تو وہ تمام موجودہ فلاحی اسکیموں پر عمل جاری رکھیں گے۔ انھوں نے کہا کہ خواتین کی امداد کو موجودہ 75 ہزار روپئے سے بڑھا کر ڈیڑھ لاکھ روپئے کردیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ بزرگ افراد کی پنشن کو دو مرحلوں میں تین ہزار روپئے سے بڑھا کر تین ہزار 500 روپئے کردیا جائے گا۔

جناب ریڈی نے کہا کہ وہ پولاورم پروجیکٹ کو مکمل کریں گے۔ ساتھ ہی 17 میڈیکل کالج اور 10 ماہی گیری کی بندرگاہیں، Aqua یونیورسٹی، لاء یونیورسٹی، قبائلی یونیورسٹی اور بھوگاپورم ہوائی اڈّے کے پروجیکٹ کو مکمل کرنا شامل ہے۔ منشور میں زراعت، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں YSR کانگریس پارٹی کے ترقیاتی تصور کا مظاہرہ کیا گیا ہے اور اگلے پانچ برسوں میں ریاست بھر میں مختلف طبقات اور فرقوں کو اوپر اٹھانے کی بات کی گئی ہے۔x

## Centre Onion

مرکز نے، چھ ملکوں بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات، بھوٹان، بحرین، ماریشس اور سری لنکا کے لیے 99 ہزار میٹرک ٹن سے زیادہ پیاز برآمد کرنے کی اجازت دی ہے۔ مرکز نے دو ہزار میٹرک ٹن سفید پیاز کی برآمد کی بھی اجازت دی ہے جس کی کاشت خاص طور پر مغربی ایشیا اور کچھ یوروپی ممالک کو برآمد کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔

پچھلے سال دسمبر میں، پیاز کی برآمدگی پر روک لگادی گئی تھی تاکہ پچھلے سال کے مقابلے 24-2023 میں خریف اور ربیع کی فصلوں میں کمی کے تناظر میں مناسب گھریلو دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔ صارفین کے امور کی وزارت نے کہا ہے کہ 2024 کی ربیع سے پیاز جمع کرنے کا ہدف اِس سال قیمتوں کو مستحکم کرنے کے فنڈ کے تحت پانچ لاکھ ٹن رکھا گیا ہے۔ بھارت کے قومی نیشنل کوآپریٹیو کنزیومر فیڈریشن اور نیفیڈ جیسی مرکزی ایجنسیاں پیاز جمع کرنے اور انہیں اسٹور کرنے میں تعاون فراہم کرنے کے لیے مقامی ایجنسیوں کے ساتھ رابطہ کر رہی ہیں۔x

## IMD Heat Wave

بھارتی محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے پانچ دنوں میں مشرقی اور جنوبی جزیرہ نمائی بھارت میں گرمی کی اوسط لہر سے سخت گرمی کی صورتحال جاری رہ سکتی ہے۔ مغربی بنگال کے ترائی علاقے، اڈیشہ کے کچھ حصوں اور مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقوں میں گرمی کی سخت لہر کی صورتحال جاری رہے گی۔ دوسری طرف اگلے چار دنوں کے لیے شمال مشرقی بھارت میں تیز بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی ہلکی سے اوسط درجے کی بارش اور برفباری ہونے کی توقع ہے۔x

## Uttarakhand Fire

اتراکھنڈ کی حکومت نے محکمہ جنگلات کے افسران اور ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی ہیں تاکہ ریاست میں جنگلات میں آگ لگنے کے بڑھتے ہوئے واقعات سے نمٹا جاسکے۔ وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے ہلدوانی میں آج میڈیا

سے بات چیت کرتے ہوئے جنگلات کی آگ کی روک تھام کے حکومت کے عزم کی توثیق کی۔ انھوں نے یہ بات زور دے کر بتائی کہ سرگرم اقدامات کئے جارہے ہیں۔ نینی تال ضلع میں حال ہی میں جنگلات میں لگی آگ کے بعد صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے جناب دھامی نے آج صبح سویرے اِس جگہ کا فضائی دورہ کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ اُن افراد کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی جنھیں آگ لگانے کا قصوروار پایا گیا۔

ادھر نینی تال میں جنگل میں لگی آگ کو بجھانے کیلئے کوششیں جاری ہیں اور اس کیلئے بھارتی فضائیہ کے ایم آئی 17 ہیلی کاپٹروں کی مدد لی جارہی ہے۔ آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں پیشرفت ہوئی ہے۔ یہ آگ کئی ہیکٹئر علاقے میں لگ گئی ہے۔ ریاست کے جنگلات میں آگ بجھانے اور قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق حالیہ خبروں کے مطابق گڑھوال اور کماؤں ڈویژن کے پہاڑی ضلعوں میں جنگلوں میں لگی آگ کے کُل 598 واقعات کی اطلاع ملی ہے، جس سے تقریباً 724 ہیکٹئر علاقہ متاثر ہوا ہے۔ سب سے زیادہ واقعات کماؤں ڈویژن میں ریکارڈ کئے گئے جن کی تعداد 329 ہے۔ آگ لگنے کے اِن واقعات سے جنگلاتی دولت کے مالی نقصان کے متعلق اندازہ کیا گیا ہے کہ یہ 14 لاکھ 99 ہزار روپے سے زیادہ ہے۔x

## Japan Earthquake

آج سہ پہر جاپان کے Bonin جزائر میں چھ اعشاریہ نو شدت کا زلزلہ آیا۔ اس کا مرکز ٹوکیو سے 875 کلو میٹر جنوب میں مغربی ساحل کے جزائر میں واقع تھا۔ وسطی ٹوکیو میں بھی زلزلے کے ہلکے جھٹکے محسوس کئے گئے۔

جاپان کے موسمیاتی محکمے کے مطابق زلزلہ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجکر 36 منٹ پر آیا اور یہ زمین سے تقریباً 540 کلو میٹر نیچے واقع تھا۔ سنامی کی کوئی وارننگ جاری نہیں کی گئی ہے۔ اب تک کسی جانی یا مالی نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔x

## Archery World Cup

تیراندازی میں، بھارت کی جیوتی سُریکھا Vennam نے، آج شنگھائی میں تیراندازی عالمی کپ اسٹیج ون میں سونے کے تمغوں کی ہیٹرک لگائی۔ عالمی نمبر تین تیرانداز نے فائنل میں ایک سخت مقابلے میں میکسکو کی اول درجے کی کھلاڑی Andrea Becerra کو شکست دی۔

اِس سے پہلے خواتین کے کمپاؤنڈ ٹیم فائنل میں جیوتی نے ادیتی سوامی اور پرنیت کور کے ساتھ مل کر اٹلی کے کھلاڑیوں کو 225 کے مقابلے 236 سے شکست دی۔ جیوتی نے کمپاؤنڈ مِکسڈ ٹیم فائنل میں اپنے ساتھی ابھیشیک ورما کے ساتھ اسٹونیا کے بھائی-بہن کو 157 کے مقابلے 158 سے ہرا کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

مردوں کے انفرادی کمپاؤنڈ مقابلے میں بھارت کے پریانش کو چاندی کا تمغہ ملا، وہ آسٹریا کے Nico Wiener سے 150 کے مقابلے 147 سے ہار گئے۔

اِس سے پہلے، مردوں کے کمپاؤنڈ ٹیم فائنل میں آج صبح ابھیشیک ورما، پریانش اور Prathamesh Fuge کی ٹیم نے 231 کے مقابلے 238 سے شکست دی۔x

## Swimming Pool

تیراکی میں بھارت کے سری ہری نٹراج نے آج ملیشیا میں انوائٹیشنل ایج گروپ تیراکی چمپئن شپ میں 100 میٹر Backstroke میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے 54 اعشاریہ سات ایک سیکنڈ میں یہ کارنامہ انجام دیا ہے۔×

## Sailing Olympic Quota

بادبانی کشتی رانی میں بھارت کی Nethra Kumanan نے فرانس کے Hyeres میں Last Chance Regatta میں پیرس اولمپک کوٹے میں جگہ بنالی ہے۔ خواتین کی بادبانی کشتی رانی ILCA-6 میں حصہ لیتے ہوئے Nethra نے 67 پوائنٹ حاصل کئے اور وہ فہرست میں پانچویں مقام پر رہیں۔ البتہ ابھرتے ہوئے ملکوں کے پروگرام ENP سے شامل کشتی رانوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑی کے طور پر انھوں نے اولمپک کا کوٹہ حاصل کرلیا۔ ENP ایک ایسی اسکیم ہے جو کشتی رانی میں کم مشہور ملکوں کے کھلاڑیوں کو اعلیٰ سطح پر اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کا موقع دینے کیلئے وضع کی گئی ہے۔ Nethra آنے والے پیرس اولمپک میں جگہ بنانے والی دوسری بھارتی کشتی راں ہیں۔اس سے قبل اِس برس جنوری میں وشنو Saravanan نے آسٹریلیا میں ILCA-7 مردوں کی عالمی چمپئن شپ میں 2012 میں بھارت کیلئے پہلے کشتی راں کے طور پر جگہ بنائی تھی۔

## IPL Cricket

IPL میں آج شام دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں، دہلی کیپیٹلس نے ممبئی انڈینس کو 10 رن سے ہرا دیاہے۔ 258 رنوں کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورز میں 247 رن ہی بنا سکی۔ ممبئی کی طرف سے تِلک ورما نے 32 گیندوں میں سب سے زیادہ 63 رن بنائے۔ جبکہ دہلی کی طرف سے Rasikh Dar Salam اور مکیش کمار نے بالترتیب تین تین وکٹ حاصل کیے۔

سلامی بلے باز Fraser-McGurk نے محض 27 گیندوں میں 84 رن بنائے جبکہ Tristan Stubbs نے 25 گیندوں میں شاندار 48 رن کا اسکور کیا۔

McGurk کو پلیئر آف دی میچ کے خطاب سے نوازا گیا۔ اِس جیت کے ساتھ ہی دہلی کیپیٹلس پوائنٹس ٹیبل پر پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے جبکہ ممبئی انڈینس نویں مقام پر ہے۔

ایک دوسرے میچ میں لکھنؤ سپر جوائنٹس نے راجستھان رائلس کے سامنے جیت کے لیے 197 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے ٹاس ہار کرپہلے بلے بازی کرتے ہوئے لکھنؤ سپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 196 رن بنائے۔×

☆☆☆